OPI GAS

# حفاظتی ہدایات

# Safety Instructions




**OPI Gas Private Limited**
PTET House, 3rd Road, Mauve Area, G-10/4,
Islamabad, Pakistan.
Phone: +92 51 2351091-95 Fax: +92 51 2351097-98

# ایل پی جی سلنڈر کے استعمال میں ضروری احتیاطی تدابیر

- سلنڈر وصول کرتے ہوئے اس بات کی یقین دہانی کریں کہ کمپنی کی سیل
  سلنڈر کے والو پر سختی سے موجود ہو۔
- کمپنی سیل کو احتیاط سے ہٹا کر سلنڈر کو استعمال میں لائیں
- استعمال سے پہلے جھاگ یا صابن ملے پانی کے ساتھ سلنڈر گیس کی لیکج کو چیک کریں
  لیک چیک کرنے کیلئے شعلے کا استعمال نہ کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائے کہ ریگولیٹر "آف" پوزیشن میں ہو اور تمام والوز کو بند رکھیں۔
- ہوز ربڑ پائپ ٹھیک حالت میں ہوں اور مناسب طور پر کلیمپ کے ساتھ فٹ کریں۔
- گیس واشر، اور نگ (O-Ring) کو چیک کر لیا کریں جو کہ لیکج کی صورت میں نقصان کی باعث بن سکتی ہے۔
- ریگولیٹر کو سلنڈر والو پر رکھیں ریگولیٹر کے اوپر والے حصے کو ہاتھ رکھ کر مناسب
  دباؤ کے ساتھ نیچے کر کے والو پر بند کریں۔
- ریگولیٹر فکس کرنے کے بعد اس کو "آن" کریں۔
- ریگولیٹر آن کرنے کے بعد تھوڑا وقفہ دے کر ایل پی جی کی لیکج کو صابن یا سرف کے جھاگ سے چیک کریں۔
- تسلی ہونے کی صورت میں ماچس جلا کر چولہا یا ایل پی جی اپلائنس کو استعمال کریں۔
- ایل پی جی کے استعمال کے بعد تمام والوز / Knobs کو بند رکھیں۔
- سلنڈر لیک ہونے کی صورت میں کچن اور کمرے میں تمام آگ اور شعلے کے ذرائع اور تمام Knobs کو بند رکھیں۔
- کبھی بھی اوپن حالت میں ریگولیٹر کو نکالنے کی کوشش نہ کریں ریگولیٹر نکالنے کے کیلئے پہلے اس کو بند کریں۔
- سردیوں میں سلنڈروں کو آگ پر رکھنے اور گرم پانی میں ڈبونے سے اجتناب کریں
  کیونکہ یہ ایک بہت خطرناک اور جان لیوا عمل ہے۔

# انتباہ

ہمیشہ خاص گیس کمپنی کے مجاز ڈیلرز سے سلنڈرز خریدیں کیونکہ خاص گیس سے آپکو ہمیشہ ملے

- پورا پریشر
- بہترین معیاری گیس صحیح وزن کے ساتھ
- کمپنی کی طرف سے جاری شدہ سیل بند سلنڈر
- دھوئیں اور بدبو سے پاک گیس
- ماحول دوست فیول
- سال کے بارہ مہینے سپلائی کی ضمانت

- OGRA کے منظور شدہ مینوفیکچرز کے بنے ہوئے سلنڈر جو کہ انٹرنیشنل معیار (DOT) پر تیار کیئے جاتے ہیں اس بات کا خاص خیال رکھیں غیر معیاری ایل پی جی عموماً غیر معیاری (کم وزن) سلنڈرز میں فروخت ہوتی ہے اور اس گیس میں ایسے کیمیائی مادے / عناصر موجود ہوتے ہیں جو کہ انسانی صحت کیلئے مضر ہیں اور گیس آلات کیلئے بھی نقصان دہ ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ان کو ناکارہ بنا دیتے ہیں۔

- امپورٹڈ والوز میں سیفٹی ریلیز لگا ہوتا ہے جو کہ گیس کے دباؤ کو کنٹرول کرتا ہے اور دباؤ بڑھنے کی صورت میں خود بخود کھل جاتا ہے اور گیس کو خارج کرتا ہے اس وجہ سے خاص گیس سلنڈر کے پھٹنے کے کوئی امکان نہیں ہوتا ہے۔











Khaas Gas

# Safety Tips - Do's and Don'ts

| حفاظتی ہدایات | صحیح | غلط |
| --- | --- | --- |
| سلنڈر کو ہمیشہ عمودی حالت میں<br>(والو کی پوزیشن اوپر کی طرف رکھ کر) استعمال کریں |  |  |
| سلنڈر کو ہمیشہ زمینی سطح پر رکھ کر استعمال کریں۔<br>گیس پر چلنے والے چولہے اور دیگر آلات کو<br>سلنڈر سے اونچا اور فاصلے پر رکھیں |   |  |
| سلنڈر والے کمرے میں زمینی سطح اور اونچائی<br>پر تازہ ہوا کے بہاؤ کو یقینی بنائیں |   |  |
| لیکج چیک کرتے وقت آگ کا شعلہ سلنڈر کے<br>قریب مت لائیں بلکہ جھاگ یا صابن ملا پانی استعمال کریں |  |  |
| سلنڈر کو دھوپ، بارش، مٹی اور گرمی سے بچائیں |  |  |

## ہمیشہ خاص گیس سلنڈر کو اعتماد کے ساتھ اپنے استعمال میں لائیں

### دست برداری

یہ احتیاطی تدابیر آپکی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے جاری کی جا رہی ہیں
کسی بھی وجہ سے حادثہ ہونیکی کی صورت میں کمپنی مکمل طور پر بری الذمہ ہوگی

بازو ترا توحید کی قوت سے قوی ہے۔ اسلام ترا دیس ہے تو مصطفوی ہے (علامہ اقبال)

www.alakhbar.com.pk

روزنامہ

الاخبار

بانی: غلام اکبر

اسلام آباد

لاہور اور پشاور سے بھی شائع ہوتا ہے

ABC CERTIFIED

متحدہ عرب امارات 1.50 درہم

قیمت 10 روپے

جلد 28 | جمعرات 26 جنوری 2023ء، 3 رجب المرجب 1444ھ، 14 ماگھ 2079 ب | شمارہ 277

آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی
حکومت پاکستان

Oil & Gas Regulatory Authority
Government of Pakistan

# حادثات سے بچائو۔۔۔ احتیاط سے ممکن

## ایل پی جی گیس صارفین کے لیے اوگرا کا حفاظتی پیغام

ایل پی جی گیس ہیٹر ایک سہولت ہے لیکن اس کا بے احتیاطی سے استعمال جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے۔ کمروں میں تازہ ہوا کی آمدورفت نہ ہونے کی وجہ سے آکسیجن کی کمی واقع ہوجاتی ہے جس میں سانس لینے میں دشواری، بے ہوشی اور موت واقع ہوسکتی ہے۔ لہٰذا سردی سے بچاؤ کے لئے جہاں تک ممکن ہو گرم کپڑوں کا استعمال کریں۔ رات کو سونے سے پہلے اور کمرے سے باہر نکلتے وقت جلنے والے تمام آلات وغیرہ بند کردیں۔ ہمیشہ معیاری سلنڈر، پائپ اور آلات استعمال کریں۔ ایل پی جی سلنڈر ہمیشہ کھلی اور ہوادار جگہ پر چولہے اور ہیٹر سے دور رکھیں۔ کمرے میں گیس کی موجودگی یا لیکج کی صورت میں بجلی کے بٹن آن/آف نہ کریں اور نہ ہی ماچس یا لائٹر جلائیں۔

### احتیاطی تدابیر

- ہمیشہ معیاری ایل پی جی سلنڈرز اور آلات کا استعمال کریں۔
- ایل پی جی سلنڈرز ہمیشہ ہوادار کھلی جگہ پر شعلے سے دور رکھیں۔
- گیس کے اخراج کی صورت میں شعلہ نہ جلائیں اور بجلی کے بٹن آن/آف نہ کریں۔
- رات کو سونے سے قبل تمام جلنے والے آلات اور سلنڈر والو بند کردیں۔
- کسی بھی قسم کے گیس اخراج کو نظرانداز نہ کریں۔

آپ کا تحفظ ہمارا نصب العین

**آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی**

منجانب:

OPI GAS

او پی آئی گیس (پرائیویٹ) لمیٹڈ

پلاٹ نمبر A-18 اور A-19 پی ٹی ای ٹی ہاؤس، گراؤنڈ فلور، 3rd ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔ پاکستان، فون: +92-51-2351091-95، فیکس: +92-51-2351097-98




# آپ کی اپنی گیس خاص گیس




# پبلک نوٹس

ہمارے مشاہدے میں آیا ہے کہ کچھ ڈسٹری بیوٹر/ڈیلر مارکیٹ میں ہمارے برانڈ یعنی خاص گیس (Khaas Gas) کے نام سے منسوب جعلی اور غیر معیاری گیس سلنڈرز تیار کر کے فروخت کر رہے ہیں جو نا صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ غیر معیاری ہونے کی وجہ سے یہ سلنڈرز کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ لہٰذا وسیع تر مفاد کے پیش نظر عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ''خاص گیس'' ملک بھر میں اپنے مخصوص اور مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹر کی حامل ہے اور ایسے مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹرز ہی خاص گیس فروخت کرنے کے قانونی مجاز ہیں۔

خاص گیس کے جملہ صارفین کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی سے بچنے کیلئے خریداری سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ مطلوبہ ڈیلر/ڈسٹری بیوٹر مجاز حکام یعنی ''خاص گیس'' سے باقاعدہ منظور شدہ اور لائسنس یافتہ ہے۔ بصورت دیگر خاص گیس کسی بھی قسم کے نقصان کی قطعاً ذمہ دار نہیں ہوگی۔

خاص گیس کے مجاز ڈیلرز/ڈسٹری بیوٹرز یا پھر دیگر کسی بھی قسم کی معلومات کے حصول کیلئے رابطہ کیجئے۔

**او پی آئی گیس (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

OPI GAS

پلاٹ نمبر A-18 اور A-19 پی ٹی ای ٹی ہاؤس، گراؤنڈ فلور، 3rd ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔ پاکستان

فون: 95-2351091-51-92+، فیکس: 98-2351097-51-92+

8x2